ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان کپ پہلا راؤنڈ: لاہور وائٹس، ملتان، پشاور اور راولپنڈی کی کامیابی

- شرجیل خان کی سنچری، احمد دانیال کی پانچ وکٹیں، عمیر مسعود کے پانچ کیچ

لاہور یکم نومبر 2023ء:

پاکستان کپ ایکروزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ میں لاہور وائٹس، ملتان، پشاور اور راولپنڈی نے اپنے اپنے میچز جیت لیے۔ ان میچوں کی خاص بات شرجیل خان کی سنچری، احمد دانیال کی پانچ وکٹیں اور وکٹ کیپنگ میں عمیر مسعود کے پانچ کیچز کی عمدہ کارکردگی تھی۔

پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں لاہور وائٹس نے لاہور بلوز کو 67 رنز سے ہرادیا۔ لاہور بلوز نے ٹاس جیت کر لاہور وائٹس کو بیٹنگ دی جس نے مقررہ 45 اوورز میں آٹھ وکٹوں پر 199 رنز بنائے۔ کامران افضل نے چار چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 45 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ طیب طاہر نے پانچ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 42 رنز اسکور کیے۔

وکٹ کیپر جنید علی نے ایک اسٹمپڈ اور تین کیچز کیے۔ عثمان قادر، عمید آصف اور سلمان ارشاد نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

لاہور بلوز کی ٹیم جواب میں 27 اوورز میں 132 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ ہاشم ابراہیم نے پانچ چوکوں کی مدد سے 36 رنز بنائے۔ احمد دانیال نے 33 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔

میر پور کرکٹ اسٹیڈیم میں پشاور نے کراچی وائٹس کو 7 وکٹوں سے ہرا دیا۔ پشاور نے ٹاس جیت کر کراچی وائٹس کو بیٹنگ دی جو 43.4 اوورز میں 205 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ دانش عزیز ایک چوکے اور دو چھکے کی مدد سے 53 اور شان مسعود چار چوکوں کی مدد سے 42 رنز بنا کر نمایاں رہے۔
محمد الیاس نے 53 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔ محمد عمران نے تین کھلاڑی آؤٹ کیے۔ پشاور نے 44.3 اوورز میں تین وکٹوں پر ہدف حاصل کر لیا۔ زین خان نے تین چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 56 رنز بنائے۔ عادل امین چار چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 57 رنز اور نبی گل پانچ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 50 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ دونوں نے چوتھی وکٹ کی ناقابل شکست شراکت میں 114 رنز کا اضافہ کیا۔

شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں ملتان نے فیصل آباد کو 4 وکٹوں سے شکست دیدی۔ ملتان نے ٹاس جیت کر فیصل آباد کو بیٹنگ دی جس نے 42 اوورز میں 8 وکٹوں پر 214 رنز بنائے۔ فہیم اشرف نے دو چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 60 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ محمد سلیم نے پانچ چوکوں کی مدد سے 53 رنز اسکور کیے۔ سراج الدین نے 39 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ ملتان نے شرجیل خان کی سنچری کی بدولت 39.2 اوورز میں چھ وکٹوں پر مطلوبہ اسکور پورا کر لیا۔ شرجیل خان نے 69 گیندوں پر 100 رنز اسکور کیے جس میں 12 چوکے اور 6 چھکے شامل تھے۔ خرم شہزاد نے 53 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں۔

ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں راولپنڈی نے فاٹا کو 16 رنز سے ہرا دیا۔ فاٹا نے ٹاس جیتا اور پہلے راولپنڈی کو بیٹنگ دینے کا فیصلہ کیا جو 42.4 اوورز میں 170 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ تیمور خان 27 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہے۔ اعزاز خان اور ثمین گل نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں فاٹا کی ٹیم 154 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ محمد فاروق نے 47 رنز اسکور کیے۔ وکٹ کیپر عمیر مسعود نے پانچ کیچز کیے۔ کاشف علی اور جہانداد خان نے تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia